THE MESSENGER

پندرہ روزہ


پیغامبر

جلد ۲ | یوم پاکستان ایڈیشن | شمارہ ۲

ایمان ★ اتحاد ★ تنظیم

ہم یوم جمہوریہ کی مبارک تقریب پر تمام ہم وطنوں کو

ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں



"ہم سب میں حب الوطنی کا ایسا جذبہ ہونا چاہیے جو ہمیں ایک مضبوط قوم بنا دے" قائد اعظم

... ۸۰ جرنیلوں کو ریٹائر کر دیا گیا متعدد اعلیٰ فوجی افسروں کو گرفتار کر لیا گیا

شاہ کے حامی مزید چار جنرلوں کو گولی مار دی گئی

... مزید ۱۶ برطرف جرنیلوں اور وزراء کی سزائے موت پر کسی وقت بھی عملدرآمد ہو سکتا ہے

تبریز میں انقلابیوں نے شاہ کے بچے کھچے حامیوں کا صفایا کر دیا

سابق حکومت کی زرعی اصلاحات واپس نہیں لی جائیں گی

علیحدگی کی کوئی تحریک برداشت نہیں کی جائے گی۔ نائب وزیراعظم امیر انتظام

ایران میں فلسطینیوں کو ملازمتیں دی جائیں گی

انقلابی حکومت اور پی ایل او میں معاہدہ

جنرل یحییٰ اور بھٹو پر مقدمہ

بہار کے ایک وزیر نے استعفیٰ دے دیا

بھارت کی زبردست فوجی تیاریوں سے اس کے چھوٹے پڑوسیوں کی تشویش بڑھ گئی ہے

اس سے علاقے میں کشیدگی اور عدم استحکام بھی پیدا ہوا ہے۔ پاکستان کی وزارت خارجہ کے ترجمان کا بیان

بھارتی وزیر خارجہ باجپئی کے بیان پر اظہار افسوس

حسین فاروق مودودی سعودی عرب روانہ ہو گئے

شاہ خالد سے مولانا مودودی کیلئے اظہار تشکر کرینگے

شاپور بختیار مراکش میں ہیں

صدر ضیاء الحق نے شاہ خالد کے پیغام کا جواب بھیج دیا

معزول شاہ دو ڈیڑھ کھرب ڈالر لے کر ایران سے گئے





بھٹو زندہ رہے تو پھر برسر اقتدار آنے کی کوشش کریں گے : پیلو مودی



لکھنؤ ——— کانپور کے روزنامہ سیاست نے اطلاع دی ہے کہ جنتا پارٹی کے مشہور رہنما مسٹر پیلو مودی نے جو حال ہی میں راجیہ سبھا کے لئے منتخب ہوئے ہیں کہا ہے کہ وہ پاکستان کے سابق وزیر اعظم مسٹر بھٹو کے دوبارہ برسر اقتدار آنے کے امکانات کے بارے میں زیادہ پرامید نہیں۔ مسٹر مودی یہاں لیکچر دینے کے لیے آئے تھے۔ جس کا اہتمام ... ان سے اخبار نمائندوں نے مسٹر بھٹو کے بارے میں سوال کیا۔ مسٹر مودی مسٹر بھٹو کے دوست ہیں اور انہوں نے سابق وزیر اعظم کے بارے میں کتاب بھی لکھی ہے۔ مسٹر مودی نے جواب دیا کہ اگر مسٹر بھٹو زندہ رہے تو وہ برسر اقتدار آنے کی کوشش کریں گے لیکن امکانات ... مسٹر بھٹو کے بارے میں کچھ کہنے کی فرمائش کی گئی لیکن انہوں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا ...



دہلی کی ایک عدالت سے سزا پانے کا فیصلہ سننے کے بعد عدالت سے باہر آتے ہوئے ان کی بیوی ان کے ساتھ ہیں

اسلامی ممالک ایک پرچم تلے متحد ہو جائیں : خمینی

آزاد کشمیر میں اسلامی قوانین کے نفاذ اور شریعت بنچوں کے قیام کا اعلان

صدر بریگیڈیئر حیات نے تعزیری قوانین کے نفاذ کیلئے آرڈیننس جاری کر دیے

زکوٰۃ فنڈ کے لیے سو کروڑ روپے کی فراہمی پر صدر ضیاء الحق سے اظہار تشکر

مظفر آباد ——— (اے پی پی) آج آزاد کشمیر میں پاکستان کی طرز پر نفاذ شریعت کا اعلان کرتے ہوئے صدر آزاد کشمیر بریگیڈیئر محمد حیات خان نے چند تعزیری اور مالی قوانین نافذ کر دیئے ہیں ...

عام انتخابات اسی سال پروگرام کے مطابق ہوں گے

صدر کے ساتھ بات چیت سے ہم پوری طرح مطمئن ہیں


بات چیت میں افسر شاہی کے طرز عمل پر بھی تبادلہ خیال ہوا

لاہور ——— پاکستان قومی اتحاد کے سربراہ مولانا مفتی محمود نے کہا ہے کہ قومی اتحاد حکومت کے ساتھ تعاون جاری رکھے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ملک میں عام انتخابات پروگرام کے مطابق اسی سال ہوں گے ...

ایران میں چور کو سر عام کوڑے لگائے گئے

امریکہ تیل کے مفادات کے لئے فوجی کارروائی پر تیار ہے

ممتاز عالم مولانا عارف اللہ شاہ انتقال فرما گئے



علماء اہلسنت کے پیغامات تعزیت

راولپنڈی ——— مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے سابق صدر جمعیت العلماء پاکستان راولپنڈی کے صدر اور اہلسنت والجماعت کے ممتاز عالم دین مولانا سید عارف اللہ شاہ قادری آج ستر سال کی عمر میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون ...

FORTNIGHTLY NEWSPAPER

THE MESSENGER

پیغامبر

7 DELANO PL APT. 10
SCARBORO, ONT. M1N 1M3
TEL. (416) 267-8006

پبلشر و ایڈیٹر ۔ سہیل اختر
معاون ۔ شین اختر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


موسم


آج موسم بہار کا پہلا دن ہے۔ ہر موسم کا اپنا مزہ، اپنا مزاج اور ذائقہ ہوتا ہے۔ ہر ملک کے اپنے موسم ہوتے ہیں اور ان موسموں کو ہر ملک کے لوگ اپنے انداز میں گزارتے ہیں جب کوئی موسم تبدیل ہوتا ہے تو اس کے ساتھ ہی زندگی کے لوازمات اور ضروریات میں بھی تبدیلیاں واقع ہو جاتی ہیں۔ انسان ہمیشہ سے موسموں کے تابع رہا اور اس سے جنگ لڑتا رہا ہے۔ آج ہمیں اپنی زندگیوں میں جتنی آسائشیں، جتنی ایجادات و اختراعات نظر آتی ہیں اور جو ہماری زندگی کا ایک لازمی حصہ بن گئی ہیں یہ سب موسموں کے خلاف انسان کی طویل جنگ کا ثمر ہیں اور انسانی فتوحات کے نشان ہیں......

...لیکن انسانی جذبات بھی تو موسم سے کچھ مختلف نہیں ہوتے۔ غم، خوشی، محبت، نفرت، عداوت، ملامت اور حسد وغیرہ بھی تو مختلف مزہ رکھتے ہیں۔ دھوپ نہ ہو تو پھلوں میں رس نہ پڑے گندم کا دانہ نہ پکے اور اناج میٹھا نہ ہو۔ دھوپ بھی انسانی زندگی کیلئے اتنی ہی ضروری ہے جتنی کہ ٹھنڈک اور سردی لیکن ہم جذبات کے غلام بن کر موسموں کے ذائقہ سے محروم ہو گئے ہیں۔ آج کا شاعر "بارہ ماہ" نہیں لکھتا نہ ہی کوئی بچہ کسی ماں کی زبان سے میگھ ملہار جیسی عظیم چیز بیان کی جاتی ہے کیا ہم لوگ موسموں سے بے نیاز ہو چکے ہیں۔ آئیے کڑی دھوپ میں نکلیں، بند اور تاریک کمروں سے باہر نکل کر چمکتی دھوپ اور کھلے آسمان میں آئیں اور ان لوگوں کو دیکھیں جو اس دھوپ میں اپنا فرض پورا کرتے ہیں جو موسم سے نہیں ڈرتے کہ موسم کے خلاف بنائی گئی پناہ گاہوں میں چھپ جاتے ہیں بلکہ موسم کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اپنا فرض انجام دیتے ہیں۔ آئیے ان لوگوں سے ملیں ان کی باتیں سنیں، ان کی چھوٹی چھوٹی خوشیوں کو محسوس کریں اور پھر ہم بڑی حقیقتوں سے آشنا ہوں گے کہ غصہ، نفرت، حسد، غیبت اور جھوٹ وغیرہ پر قابو پا لینے کا ذائقہ کیا ہوتا ہے۔ آئیے ہم اپنی زندگی میں ایسے کردار اجاگر کریں جو موسموں سے ہراساں ہوئے بغیر، موسموں کی تمام سنگینیوں کو پگھلا کر اس کا ذائقہ چکھتے، زندہ رہتے اور زندگی کو معنی دیتے ہیں۔


ہمارا ملک قابل فخر ماہرین طب سے خالی نہیں ہے

پاکستان میں بھی ٹیسٹ ٹیوب بے بی کے کامیاب تجربات کئے جا سکتے ہیں





کشمیر میں اسلامی قوانین





..... کارٹر: اب شکایت کی بات نہیں ہے نا ..... ایران تم ہار گئے ..... ؟؟

۲۳ مارچ کی اہمیت

لہرایا گیا تھا اسی دن عزم کا پرچم
ہر چند کہ یہ مرحلہ دشوار بڑا تھا

اس روز ہی ملت کے مقدر کے افق پر
خورشید مقاصد کا تجلی روپ چڑھا تھا

اک قافلۂ شوق رہِ جہد و عمل پر
منزل کی طرف صورتِ پرواز بڑھا تھا

آمادۂ حق جب بھی ہوا مردِ مسلماں
منہ موڑ دیا اس نے حوادث کی ہوا کا

اس قوم کا حق چھین بھی سکتا ہے کوئی
جس قوم کے سینے میں ہو احساس بقا کا

یہ پاک وطن غیرتِ فردوس یہ خطہ
فیضان ہے ملت کے اسی عہدِ وفا کا

افسوس مگر وادیٔ کشمیر میں اب تک
محروم ہیں آزادی کی نعمت سے مسلماں

جو مملکتِ پاک سے رکھتے ہیں محبت
اٹھائیس برس سے ہیں وہ مظلوم پریشاں

دل ان کے ہیں مجروح لہو روتی ہیں آنکھیں
وہ خوگرِ ایثار وہ پروردۂ ایماں

دہراتے ہیں آزادی کے پیمان کہن کو
جاں دے کے بھی آزاد کرائیں گے وطن کو

مبارک شاہین

مارچ ۱۹۴۰ء

آل انڈیا مسلم لیگ کے تاریخی اجلاس کا آنکھوں دیکھا حال

قائد اعظم کی فراست نے عوامی جوش کو اپنے ڈھب پر لگا لیا

از ڈاکٹر خالد غزنوی

... ہوا۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے جس دن کونسل میں شیر بنگال مولوی فضل الحق نے پاکستان کا ریزولیشن پیش کیا اس روز اجلاس سہ پہر سے رات تک جاری رہا۔ لوگ کونسل کے پنڈال کے اندر گرد و غبار سے چہ میگوئیوں میں مصروف تھے اور بالآخر رضاکاروں نے اجلاس کو گھیرے میں لیا ہوا تھا ...

... کی گولیاں ہوں گی اور ہم جانیں دیں گے۔ ...

دیے سے دیا جلتا رہے گا

سکوتِ شب ہے وحشت کا سماں ہے
سپیدۂ سحر یارو! کہاں ہے؟
وفا کے عہد اور پیماں ٹوٹے گیا
ہمارے درد کے ارماں ہوئے کیا
غمِ دوراں، وہی سنگِ گراں ہے
کہ جس سے سرگراں پیر و جواں ہے
جبینِ شہر پہ تحریر دیکھو
سہانے خواب کی تعبیر دیکھو
بفیضِ چشمِ ساقی خندہ رو ہیں
ولیکن جام و سبو خالی سبو ہیں
گلوں کی آنچ سے گھبرا رہے ہیں
فریبِ رنگ تو بھی کھا رہے ہیں
چمن برگ جنوں سے پاک بھی ہے
قبائے لالہ و گل چاک بھی ہے
ندیم بادِ وفا پائیں کہاں سے
دل و درد آشنا لائیں کہاں سے
شعلۂ گردوں نشاں کی گھٹا ہی
گدا بیٹھوں کو "تقدیرِ الٰہی"
...
... کوئی جادو جگاؤ
... جلاؤ
اندھیرے کو اجالا رہے گا
دیے سے دیا جلتا رہے گا!

مسلم ...

قرارداد پاکستان دنیا کی اہم ترین سیاسی دستاویزات میں شمار ہوتی ہے

عالم علی سید

... ایمان، اتحاد اور تنظیم

شعروں کی دنیا

پارلیمنٹ سینما (مزید معلومات کے لئے فون کیجئے ۴۹۲-۹۹۹۹)
(بہترین فلموں کا گہوارہ)

اور

ادارہ پیغامبر کی مشترکہ

انعامی پیشکش



اپنی شام پارلیمنٹ سینما میں گزاریئے
اور
انعام جیتنے کی صورت میں مفت فلم دیکھئے

پارلیمنٹ سینما اور ادارہ پیغامبر کی طرف سے شعروں کی دنیا کے تحت شعروں کا پسندیدہ دلکش مقابلہ آپ کے لئے حاضر ہے۔ اوپر جو تصویر دی گئی ہے وہ نیلو کی ہے اس تصویر کیلئے آپ جو شعر روانہ کریں اس میں لفظ شبنم یا ہنسی ہونا چاہئے۔

▲ سب سے دلکش شعر پر پارلیمنٹ سینما کی دو ٹکٹیں، دوسرے اور تیسرے نمبر پر ایک ایک ٹکٹ بطور انعام کے دیا جائے گا۔


▲ تصویر کی مناسبت سے آپ زیادہ سے زیادہ تین اشعار بھیج سکتے ہیں۔

● اپنے شعر کے ساتھ آپ اپنا نام، مکمل پتہ اور فون نمبر ادارہ پیغامبر کو فوراً آگاہ کیجئے۔

اپنے اشعار اس طرح روانہ کریں کہ ہمیں ۲۹ مارچ تک مل جائیں یا آپ فون پر بھی اپنے اشعار بتا سکتے ہیں۔


فون نمبر 267-8006 صرف ۵ بجے شام تا ۱۰ بجے شب

گزشتہ مقابلہ کا عنوان تھا "دھڑکن" یا "آہٹ"
ہمیں افسوس ہے کہ موصول شدہ اشعار میں، تصویری مناسبت سے کوئی بھی شعر موزوں نہیں تھا۔



قدرت نے رانی کا انگ انگ تراشا ہوا ہے

یوم جمہوریہ پاکستان مبارک



احساسِ ملاقات

ایک مدت کے بعد آئی تو
آنکھوں میں غم سمیٹ لائی تو
بال بکھرے ہوئے ہیں تیرے صنم
دیکھو تو اپنی صحت میری قسم
آنسوؤں سے بھری بھری آنکھیں
کیوں ہیں ویران چاند سی آنکھیں
[illegible] سدا چہرہ
آج ہے کیوں بجھا بجھا چہرہ
درد دل میں بسا لیا ہے کیا
حال اپنا بنا لیا ہے کیا
[illegible] میری خاطر
آ کہ ہے غم آشنا میری خاطر
آ کہ میں تجھے لگا لوں میں
چشم احساس میں چھپا لوں میں
کیا ہوا اٹھ گئے جو خواب ہیں
غم نہ کر اس کا ماہتاب [illegible]
[illegible] میں
[illegible] میں
میرے سینے کی سمت دیکھ ذرا
دیکھ لے دل کی دھڑکنوں کی صدا
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
سامنے جلوہ گہ چمن میرا
[illegible] اپنا بیٹھن میرا
[illegible]
میرا لاشہ سب [illegible]
کوئی شکوہ نہ تھا زباں پہ مری
کچھ [illegible] میری
[illegible] رات بھر کی تھی
غم کی برسات، رات بھر کی تھی
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
میرا [illegible]
اک [illegible] زندگی میں [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
میرے محبوب مجھ کو پاس بٹھا
[illegible] کا گیت سنا
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
تیرا غم ہی نصیب ہے میرا
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
زندگی بھر تجھے پکاروں میں

محمد سلیم شاکر



[illegible]

زندگی کیا ہے؟

خوشی کیا ہے؟

تقدیر کیا ہے؟

پانچ فلمی ستاروں سے سنیئے

[illegible]

موقع پرست بن کر زندگی کے ایک ایک لمحے سے سکھ اور کامیابی کا رس نچوڑ لو!

[illegible]

پیغامبر، پڑھیئے اور تنقید کیجئے، ہم نقاد کی قدر کرتے ہیں، آپ کی تنقید ہماری کامیابی ہے۔

ایک ماہ سے دو ماہ کا بچہ

نوزائیدہ انتہا اماں کے ساتھ بڑھنے لگتا ہے۔ آنکھیں ہم آہنگی کے ساتھ حرکت کرتی ہیں اس کی آنکھیں سامنے کی حرکات کو دیکھتیں اور ان کا تعاقب کرتی ہیں لیکن تین مہینے سے پہلے بچہ سر گھما کر نہیں دیکھتا۔

تین ماہ کا بچہ

ہنستا اور خوب غوں غاں کرتا ہے، آواز کی طرف سر گھما کر دیکھتا ہے، نئی نئی چیزوں سے دلچسپی لیتا ہے اور نئی چیزوں سے چونکتا ہے اس کی گردن میں کافی طاقت آجاتی ہے اپنے سر کو اٹھا سکتا اور اس کو ایک وضع میں قائم رکھ سکتا ہے جو چیز اس کے ہاتھ سامنے ہوتی ہے اس کو پکڑنا چاہتا ہے۔ لیکن اچھی طرح پکڑ نہیں سکتا۔

چار سے چھ ماہ کا بچہ

دودھ پینے کے بعد جاگتا رہتا ہے۔ کھیلتا ہے اور دودھ پینے کے بعد فوراً نہیں سوتا سہارا دے کر بٹھانے سے خوش ہوتا ہے۔ اپنے ہاتھوں اور پاؤں سے بہت دلچسپی لیتا ہے۔ آنے والے چند مہینوں سے زیادہ [illegible] اور [illegible] ہے۔ اس مدت کے آخری حصے میں وزن دو گنا ہو جاتا ہے۔ زیادہ متحرک ہوتا ہے اور خاندان کا زیادہ اہم رکن بن جاتا ہے۔

چھ سے سات ماہ کا بچہ

[illegible] کا نرم کا ہو سکتا [illegible] جاتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ اس کے نچلے کر سامنے کے دو دانت بھی نکل آئیں۔ تھوڑے سے وقت کے لئے بغیر سہارا بیٹھ سکتا ہے۔ [illegible] شروع کر دیتا ہے۔ دو سروں کی مدد سے پیالے یا مگ سے پانی پینے لگتا ہے۔ چوسنے کے ساتھ ساتھ دانت سے کسی چیز کو کترنے لگتا ہے۔

نو سے گیارہ ماہ کا بچہ

چار ہاتھ پاؤں سے تیزی کے ساتھ چلنے لگتا ہے۔ کچھ دنوں بعد پکڑ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ تو کھڑے ہو کر چلنے کی کوشش کرتا ہے۔ اب اس کے چار سے آٹھ دانت بھی نکل سکتے ہیں اور [illegible] جاتا ہے کہ وہ سیدھے ہاتھ سے کام لینے والا ہے۔ یا الٹے ہاتھ سے۔ انگوٹھے اور انگشت شہادت کی انگلی کو ملا کر چھوٹی چھوٹی چیزیں اٹھا سکتا ہے۔ سادہ سے لفظوں کو سمجھ سکتا ہے اپنی ماں سے نمایاں طور پر محبت کا اظہار کرتا ہے لیکن اجنبی لوگوں سے گھبراتا ہے۔ اکثر آوازوں کی نقل کر سکتا ہے۔

بارہ ماہ کا بچہ

ممکن ہے کہ اس کا وزن پیدائش کے وزن سے تگنا ہو جائے۔ معنی سمجھ کر ایک دو لفظ بول سکتا ہے۔ دن میں ایک مرتبہ اس کو جھپکی یا نیند لینے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ کپڑے پہناتے وقت بانہوں کو سیدھا کر کے کپڑے پہنانے میں مدد کرتا ہے۔ پیالے میں مدد کے بغیر پی سکتا ہے۔ اور چمچے کو صحیح طور پر استعمال کر سکتا ہے۔ آٹھ دانت خوب مضبوط ہو جاتے ہیں۔ مدد کے بغیر کھڑا ہو سکتا ہے۔ اور چلنے کی کوشش کرتا ہے۔ نرم بالوں تیزی سے غائب ہونا شروع ہو جاتا ہے بال کا بننا کم ہو جاتا ہے اور [illegible] بغیر کے [illegible] لگتا ہے۔ اپنی حرکات کی نمائش کرتا ہے۔ لوگوں میں گھل مل کر خوش ہوتا ہے لیکن رجحان جھجک اور شرم یا حسد کی طرف ہو سکتا ہے۔ یادداشت تیزی سے ترقی کرنے شروع ہو جاتی ہے اور دو تین ہفتے کے پچھلے واقعات کو یاد کر سکتا ہے۔ وہ چاہے خوشی سے کرے یا تو اپنے بستر پر سونے کے لئے لیٹ جایا کرتا ہے۔ لیکن اب وہ لیٹنے سے انکار کر سکتا ہے۔ لیکن یہ ایک عارضی بات ہوتی ہے۔

Capital Travel

بچے کی نشوونما کے مراحل جانیے

سب بچے ایک ہی رفتار سے پروان نہیں چڑھتے

اگر آپ کا بچہ نشوونما کے مختلف میل تک جلد یا دیر سے پہنچ رہا ہے۔ تو اس میں پریشان ہونے کی کوئی بات نہیں ہے۔ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ وہ اپنے وقت پر منزل پر پہنچ رہا ہے۔

ایک ہی رفتار سے پروان نہیں چڑھتے، یہ صحیح ہے کہ آپ کے بچے کی نشوونما کی رفتار سست ہے اور وزن برابر بڑھ رہا ہے لیکن زیادہ نہیں، تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ ایسا ہوتا ہے کہ بعض اوقات یہ معلوم ہوتا ہے کہ بچے کا بڑھنا رکا ہوا ہے۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک دانت کے نکل آنے کے بعد یہ معلوم ہوتا ہے کہ دوسرا دانت اب کبھی نہیں نکلے گا۔ بچہ گھٹنوں گھٹنوں ہی چلتا رہے گا اور کھڑا نہیں ہو گا۔

اصولی طور پر اس کا مطلب صرف اتنا ہوتا ہے کہ وہ دوسرے سنگ میل کی تیاری کر رہا ہے۔ کیونکہ اکثر بچے ایک ہی وقت ایک سے زیادہ باتوں کو سیکھنے میں کامیاب نہیں ہوتے؛ اور ایک ایک کر کے دوسری باتیں سیکھتے یا جسمانی طور پر قدم آگے رکھتے ہیں۔

یہاں ہم آپ کی رہنمائی کے لئے چند موٹی موٹی باتوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

کسی نے خواہ مخواہ آپ کو پریشانی میں ڈال دیا ہے۔ اس کے بچے کی تقریباً اتنی ہی عمر ہے جتنی آپ کے بچے کی۔ لیکن وزن و قد میں بڑا ہے۔ زیادہ چونچال اور ہوشیار بھی ہے اور آپ کا بچہ اس کے بچے کے مقابلے میں گیا گزرا ہے اس کی بات پر دھیان نہ دیجئے سراسر لغویات ہے بلکہ اس بات کو ذہن نشین کر لیجئے کہ سب بچے [illegible]


ایک ماہ کا بچہ

ہو سکتا ہے کہ شروع میں وزن بڑھنے کی رفتار یکساں نہ ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ بچے کا وزن ابتدائی چند دنوں میں بڑھنے کی بجائے گھٹتا ہے۔ آنکھیں بے معنی حرکت کرتی ہیں۔ جیسے کہ ان کا دماغ سے کوئی تعلق نہ ہو۔ کبھی وہ بھینگے پن سے دیکھتا ہے اس کی مٹھیاں سختی سے بند رہتی ہیں۔

[illegible]

میں آتا ہے۔ [illegible]

[illegible]



گناہ بھائی کا سزا بہن کو ۶ آخری قسط

لاش برآمد کر لی گئی



بہن کا ایک اور بھائی

[illegible]

گناہ بھائی کا سزا بہن کو

[illegible]

آپس میں مل جل کر رہیئے اور ہندو پاک کمیونٹی کو مضبوط بنائیے

[illegible]

یوم پاکستان



اتوار ۲۵ مارچ شام ۶ بجے

RIVERDALE COLLEGIATE INSTITUTE
1094 Gerrard Street, East.
Gerrard & Jones


ڈرامہ و موسیقی کا رنگا رنگ پروگرام

بہترین تمام مقبول فنکار مثلاً جاوید مغل، مسلم مغل، یاسمین طیبی، جاوید صادق
شمشاد جمالی، سہیل خان، بیگم اسلم، بیگم رشاد، ...
مہمان خصوصی:

MINISTER OF INDUSTRIES & TOURISM
Honourable Larry Grossman

منجانب: پاکستان اسٹوڈنٹ گروپ
تعاون: ... پاکستان کینیڈا

921-8145 362-0435



Our strength is in our differences.

ہم مختلف قوموں کا مجموعہ ہیں۔ ہم میں سے ہر ایک کی اپنی الگ تہذیب، ثقافت اور زبان ہے۔ یہی وہ صفات ہیں جو ہمارے معاشرے کو مضبوط بناتی ہے اور انٹاریو کو ایک ایسی جگہ بناتی ہے کہ جہاں رہا جا سکے۔ مختلف تہذیبوں کو برابر رکھنے کیلئے انٹاریو نے ملٹی کلچرل ازم کی پالیسی کو اپنایا ہے۔

Equality For All
This official policy recognizes the equality of all members of our society. It ensures that everyone of us is protected against discrimination in employment opportunities, education, justice, recreation and other aspects which contribute to the quality of life in this province.

Services For Everyone

انٹاریو ملٹی کلچرل پالیسی یقین دلاتی ہے کہ ہر فرد یہ حق رکھتا ہے کہ گورنمنٹ کی جانب سے پیش کردہ خدمات اور آسائیوں سے مستفید ہو

Appreciation of Cultural Differences
The Ontario policy also recognizes that cultural differences enrich our whole society when they are shared. To this end, the government encourages every individual to retain his or her own cultural heritage and language, and share their heritage with others.

انٹاریو ملٹی کلچرل پالیسی پر کتابچہ اور مزید معلومات کیلئے لکھئے:

Multicultural and Development Branch
Ministry of Culture and Recreation
77 Bloor Street, West, 5th Floor
Toronto, Ontario M7A 2R9

Reuben Baetz,
Minister of Culture
and Recreation

William Davis, Premier

Ontario

ضرورت رشتہ

کنیڈا میں اپنے والدین کے ساتھ مقیم لینڈیڈ امیگرنٹ تعلیم یافتہ لڑکی کیلئے پنجابی لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ پاکستان سے لڑکے کو اسپونسر کرنے کے بارے میں بھی غور کیا جا سکتا ہے۔ پہلے ہی خط میں مکمل کوائف اور تصویر ارسال کریں۔

Usman
P.O. Box 155
Clarkson Postal Stn. 'B'
Mississauga, Ont.
L5J 3T1

سلجھی ہوئی جاذب نظر خوش شکل لڑکی ۳۲ سالہ شیعہ سید گریڈ ۱۳ کیلئے ہم پلہ اور برسر روزگار لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کیلئے خط لکھئے۔

بہ معرفت پیامبر

برائے فروخت

ڈنڈاس اور ڈکسی پر واقع دو کمرے کا مکان نئے ساز و سامان سے آراستہ قیمت صرف ۳۹۹۰۰ ڈالر فون کیجئے 270-5952

تین کمرہ کا مکان بڑا باورچی خانہ اسٹور روم قیمت ۹۹۹۰۰ ڈالر تفصیلات کیلئے فون کیجئے 272-5959

پیامبر کے خریدار بنئے اور اردو زبان کی حوصلہ افزائی کیجئے

سالانہ ۱۰ ڈالر
ششماہی ۷ ڈالر
سہ ماہی ۴ ڈالر

برائے امریکہ

سالانہ ۱۲ ڈالر
ششماہی ۸ ڈالر
سہ ماہی ۵ ڈالر

یہ جگہ آپ کے اشتہار کیلئے خالی ہے۔ مختصر اشتہار کا معاوضہ صرف چھ ڈالر ہے جس کا پیشگی ادا کرنا ضروری ہے۔

MESSENGER پیغامبر

Vol. 2 | No. 2 | 7 DELANO PLACE # 10, SCARBOROUGH, ONT., M1N 1M3 CANADA TEL. (416) 267-8008 | Mar 21, 1979

اعلیٰ عدالتوں کو بدنام کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے

نظر ثانی کی درخواست نیک نیتی پر مبنی ہے، وکیل سرکار کا موقف

اکثریتی فیصلے میں قانون کا غلط اطلاق کیا گیا ہے: یحییٰ بختیار

[illegible]

مسلّمہ اصولوں کے بارے میں عدالتوں کو رٹ جاری نہیں کی جا سکتی: شریف الدین پیرزادہ

ممتاز بھٹو کی درخواست تاخیر سے دائر کی، جسٹس یعقوب نے واضح طور پر موجودہ پوزیشن قبول کر لی تھی

اٹارنی جنرل، سپریم کورٹ کی ہیئت متاثر ہوئی ہے: حفیظ پیرزادہ کے دلائل

سندھ ہائی کورٹ، جسٹس انوار الحق کی تقرری کے خلاف درخواست کا فیصلہ آج سنایا جائے گا

[illegible]

حکومت سے یہ بات طے ہے کہ آئین میں بنیادی تبدیلی نہیں کی جائیگی: مفتی محمود

حدود و تعزیرات کے نفاذ کے ساتھ ہی جرائم فوری طور پر کم ہو گئے، ملتان میں صحافیوں سے اتحاد کے رہنما کی گفتگو

بلدیاتی انتخابات عام انتخابات سے پہلے نہیں ہوں گے

حکومت سے تعاون کو مؤثر بنانے کے لئے کل صدر مملکت سے ملاقات ہوگی

[illegible]

بھارت کو پاکستان سے خطرہ نہیں

[illegible]

... [illegible] اثرات ... دائیں

[illegible]


سپریم کورٹ سے ریٹائر ہونے کیلئے مجبور نہیں کیا گیا: جسٹس وحید الدین

مجھے عدالت عظمیٰ کے ساتوں ججوں پر مکمل اعتماد ہے: بی بی سی کو انٹرویو

[illegible]

... کس کی ملکیت ہوگی

[illegible]





چین ویتنام میں روسی مداخلت کے مقابلے کے لئے تیار ہے

ہم ویتنام کی فوجی طاقت کو ... سنگ ...

روسی اور امریکی جنگی جہازوں کی نقل و حرکت ... بحیرۂ جنوبی چین ...

[illegible]